اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# اشاروں کی زبان سے متعلق مفید معلومات

﴿1﴾ خود ساختہ ایجاد کردہ زبان ہے۔(یعنی جہاں ضرورت محسوس ہوئی اشارہ بنالیا)

﴿2﴾ ان کے حروف یا الفاظ کی کوئی مخصوص تعداد نہیں ہوتی۔

﴿3﴾ یہ زبان لکھی اور پڑھی نہیں جاتی اس لیے اس میں گرامر کا استعمال نہیں ہوتا۔

﴿4﴾ جس طرح ہماری قومی زبان اردو ہے مگر ہر شہر میں اردو زبان کا انداز بدل جاتا ہے۔ پھر بھی سمجھ آجاتی ہے۔ اسی طرح اشاروں میں بھی کچھ فرق ضرور آتا ہے مگر سمجھ آجاتے ہیں۔

﴿5﴾ اس زبان کہ سیکھنے کے لئے کئی سال درکار ہوتے ہیں مگر بھولنے کے لئے چند ہفتے۔

﴿6﴾ اس کورس کے آغاز کے لئے کہیں سے کسی بھی ایکسپرٹ یا تربیت یافتہ اساتذہ کرام یا کسی بھی ادارے سے رہنمائی حاصل نہیں کی گئی یہ سب فیضانِ امیر اہلسنت ہے۔

﴿7﴾ آج پاکستان میں (پی ایچ ڈی) یعنی اسپیشل ایجوکیشن میں ماسٹر کرنے والے افراد بھی اس کورس کو کرنے کی خواہش رکھتے ہیں اور جو کورس کر چکے ہیں وہ اپنے آپ کو نہ صرف خوش نصیب سمجھتے ہیں بلکہ اس سے بھرپور استفادہ کر رہے ہیں۔

﴿8﴾ اشاروں کی زبان سیکھنے کا آسان طریقہ زبان کا قفل مدینہ۔

﴿9﴾ اشاروں میں بہتری لانے کا طریقہ خصوصی (یعنی گونگی، بہری) اسلامی بہنوں میں اللہ کی رضا کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت گزارنا ہے۔

﴿10﴾ اشاروں میں مضبوطی لانے کا واحد حل کورس کے بعد بلا تاخیر خصوصی اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع کا آغاز اور پابندی سے اسے جاری رکھنا ہے۔

﴿11﴾ بیان سن کر اشاروں میں ترجمانی کی مہارت حاصل کرنے کے لئے کم از کم تین چار سال کا عرصہ درکار ہوگا۔

﴿12﴾ بیان، حمد و نعت، سلام، شرعی مسائل اور ان کا حل یہ سب بغیر شوق کے ممکن نہیں۔

﴿13﴾ شوق کام کرواتا ہے۔ جذبہ رہنمائی کرتا ہے۔

﴿14﴾ اس مختصر وقت میں یہ سب کچھ سیکھنا قدرے مشکل ہے۔

﴿15﴾ ابتداء میں آپ کو وہ بنیادی چیزیں سکھائی جائیں گی جن کو سیکھ کر آپ اس مدنی کام کا آغاز کر سکتی ہیں۔

﴿16﴾ پھر آپ اپنی محنت اور لگن کے ساتھ ساتھ اس میں بہتری لانے میں بھی کامیابی حاصل کر سکتی ہیں۔

﴿17﴾ اشاروں کی زبان سیکھنے کے لئے اسلامی بہنوں کی خواہش ہوگی کہ اگر ہمیں اشاروں میں کوئی کتاب مل جائے تو ہم آسانی سے گھر بیٹھ کر اشارے سیکھ سکتی ہیں۔ ان کی خدمت میں عرض ہے کہ اس زبان کا تعلق صرف پریکٹیکل سے ہے تھیوری سے نہیں۔ اس لئے اگر کہیں کتاب مل بھی جائے تو یہ چیز حاصل نہیں ہو سکتی۔



﴿18﴾ جو اسلامی بہن یہ کورس کریں گی اُن کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ اپنے اہل خانہ میں سے کسی ایک محرم اسلامی بھائیوں کو بھی اپنی انفرادی کوشش سے یہ ایک ماہ کا قفل مدینہ کورس کروائیں پھر اس کی برکتیں انشاء اللہ عزوجل آپ خود ہی دیکھ لیں گی۔

﴿19﴾ کورس کرنے کے بعد اگر کسی لفظ کا اشارہ نہیں آتا اپنی رفیقہ (دوست ڈیف اسلامی بہن) سے لکھ کر اس کا اشارہ معلوم کر سکتی ہیں، ہر ڈیف اسلامی بہن آپ کی لکھائی (یعنی لکھا ہوا لفظ) پڑھ کر اشارہ سمجھا دے یہ بھی ضروری نہیں کیونکہ ان کو بہ نسبت انگلش کے اردو سمجھنے میں کافی دقت ہوتی ہے، انگلش کی اسپیلنگ درست ہونا ضروری ہے۔

﴿20﴾ خصوصی اسلامی بہنیں شاید آپ کو اردو میں sms نہ کر سکیں۔ البتہ ان کا sms آپ کو بھی موصول ہوگا تو انگلش میں ہوگا رومن انگلش میں نہ یہ sms کر سکیں گی اور نہ پڑھ سکیں گی۔

﴿21﴾ ابتدا میں آپ کی بات یہ تو سمجھ جائیں گی لیکن آپ کو سمجھنے میں ذرا مشکل پیش آئے گی مگر ہمت نہیں ہارنا۔

﴿22﴾ فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ہمت ہارنا اپنی ڈکشنری سے نکال دیں۔

﴿23﴾ آہستہ آہستہ آپ بھی ان کی طرح بات کرنا لگ جائیں گی۔

﴿24﴾ تیز تیز اشارے کرنے والے انہیں بھی پسند نہیں۔

﴿25﴾ اشارے جتنے صاف ہوں گے اُتنا ہی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

﴿26﴾ خصوصی اسلامی بہنیں (ڈیف) دورانِ گفتگو آپ کے اشاروں کی طرف کم اور آپ کے چہرے کی طرف زیادہ اور بغور دیکھیں گی۔

﴿27﴾ چہرے کے تاثرات سے یہ بہت جلد بات کو سمجھ جاتے ہیں۔

﴿28﴾ اشاروں میں گفتگو کے دوران اپنے ہونٹوں کی حرکات سے بھی کچھ الفاظ ضرور ادا کریں اس ان کو آپ کی بات سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

﴿29﴾ اشاروں کی زبان پر عبور حاصل کرنے کے لئے امیر اہلسنت و نگران شوریٰ کے بیانات اور حاجی مشتاق رحمتہ اللہ علیہ کہ آسان کلام (یعنی نعتوں) پر روزانہ کچھ نہ کچھ وقت ضرور دیں۔

﴿30﴾ اشاروں کی زبان سیکھنے میں سب سے بڑی رکاوٹ "اشارے کرتے وقت شرم محسوس کرنا" ہے۔